کوئٹہ (نسیم حمید یوسف زئی) بلوچستان پولیس سیاسی دباؤ کا شکار، بعض افسران کی جانب سے پرکشش پوسٹوں پر تعیناتی کیلئے اعلیٰ حکومتی و سیاسی شخصیات سے سفارشیں کرانے میں مصروف۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان پولیس میں خودکار طریقہ کے تحت کانسٹیبل سے لیکر ڈی آئی جی تک کی ٹرانسفر پوسٹنگ کا اختیار آئی جی کے پاس ہے۔ اور اکثر پولیس سربراہان نے دباؤ سے بالاتر ہوکر اس اختیار کا استعمال کیا تو اسے حکومتی مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بلوچستان پولیس ایک مرتبہ پھر ان دنوں سیاسی اثر و رسوخ اور دباؤ کا شکار ہے۔ ڈی ایس پی رینک کے افسران مختلف اضلاع میں ایس پی کے عہدوں پر تعیناتی کیلئے سفارشیں کروا رہے ہیں جس کے بعد صورتحال یہ ہے کہ ایک دن افسر کی ایک جگہ پوسٹنگ کی جاتی ہے تو اگلے دن اس آرڈر کو واپس لیکر دوسرے جگہ پوسٹنگ دیدی جاتی ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم میاں شہباز شریف کی جانب سے گزشتہ برس 48 کامن کے افسران کی بلوچستان میں تعیناتی کا اعلان کیا گیا تھا جس پر بلوچستان پولیس کے مقامی سینئر افسران نے مایوسی کا اظہار کیا تھا کیونکہ اے ایس پیز نے جیسے ہی تربیت مکمل کی انہیں بلوچستان کے مختلف اضلاع میں ایس پی کی پوسٹوں پر تعینات کر دیا گیا حالانکہ انہیں فیلڈ کا تجربہ بالکل نہیں تھا۔ ایک ریٹائر اعلیٰ افسر نے کہا کہ اگر بلوچستان میں پولیسنگ بہتر بنانی ہے تو اسے ہر قسم کے دباؤ سے پاک کر کے ایکٹنگ اور شولڈر پروموشن تعیناتیاں ختم کرنا ہونگی۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 3 فروری کو طلب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 3 فروری کو طلب کرلیا گیا، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے آئین کے آرٹیکل 109 اے کے تحت بلوچستان اسمبلی کا اجلاس پیر 3 فروری کی سہ پہر تین بجے طلب کرلیا ہے۔

## پاکستان ریلوے کی 13 ہزار ایکڑ سے زائد اراضی قبضے میں ہونے کا انکشاف

**مافیا ماہانہ کروڑوں روپے کمارہا ہے، بلوچستان نے 9 ہزار سے زائد ایکڑ اراضی ریلویز کو منتقل نہیں کی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ریلوے کی 13 ہزار ایکڑ سے زائد اراضی غیر قانونی طور پر سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے قبضے میں ہونے کا انکشاف ہوا ہے، دستاویزات کے مطابق پاکستان ریلوے کی 13 ہزار 381 ایکڑ سے زائد اراضی غیر قانونی طور پر آج بھی قابضین کے قبضے میں ہے، سرکاری دستاویزات میں انکشافات سامنے آنے کے بعد بھی بااثر لوگوں کے خلاف کارروائی نہیں کی گئی۔ ریلویز کی اراضی پر قبضہ کر کے قبضہ مافیا ماہانہ کروڑوں روپے کما رہا ہے اور بہت ساری اراضی پر کمرشل کاروبار ہو رہا ہے جبکہ سیکڑوں ایکڑ اراضی پر مکانات بن چکے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق 24 ہزار ایکڑ سے زائد لینڈ پنجاب حکومت کے قبضے میں ہے جس میں سے پنجاب حکومت نے بیشتر زمین پاکستان ریلوے کو منتقل کر دی ہے جبکہ سندھ حکومت نے تاحال کوئی جواب نہیں دیا۔ اسی طرح کے پی کے پاس 28 ہزار 381 اور بلوچستان کے پاس 9 ہزار سے زائد ایکڑ اراضی ہے جو پاکستان ریلویز کو منتقل نہیں کی گئی جبکہ 1970 کے صدارتی حکم نامے کے مطابق زمین پاکستان ریلوے کو منتقل ہونی تھی۔ دستاویزات کے مطابق 9382 ایکڑ نجی افراد کے قبضے میں ہے اور 4 ہزار کے قریب اراضی سرکاری محکموں کے قبضے میں ہے۔ پاکستان ریلویز نے اپنی اراضی قبضہ مافیا سے واگزار کروانے کے لیے درجنوں چھوٹے چھوٹے آپریشن بھی کیے مگر اس کے باوجود اراضی چھڑانے میں ناکام رہا۔

## بلوچستان کے لوگوں کی مشکلات کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، سیدال ناصر

**شناختی کارڈ کے حصول کو آسان اور تیز کرنے کی ضرورت ہے، چیئرمین نادرا سے گفتگو**

اسلام آباد (پ ر) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل منیر افسر نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی قائم مقام چیئرمین نے نادرا کی عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں شناختی کارڈ کے حصول میں درپیش مشکلات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو شناختی کارڈ کے حصول میں سہولیات فراہم کرنا نادرا کی اولین ترجیح ہونی چاہیے بلوچستان میں شناختی کارڈ کے حصول کے عمل کو آسان اور تیز کرنے کی ضرورت ہے چیئرمین نادرا نے قائم مقام چیئرمین سینیٹ کو بلوچستان میں نادرا کے جاری منصوبہ جات پر تفصیلی بریفنگ دی اور ادارے کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا سیدال خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے لوگوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ اولین ترجیح ہے۔

Century Express Quetta

## تعلیم و تحقیق کیلئے مواقع فراہم کرنا ہونگے، عبدالفتاح بھنگر

**شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن کے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز اور ٹیم کو خراج تحسین پیش**

**سیکرٹری جنگلات کا شہداء 8 اگست لائبریری کا دورہ، عبدالمتین اخوندزادہ ہمراہ تھے**

کوئٹہ (پ ر) تعلیم و تحقیق کے لئے نوجوان نسل کو مواقعوں کی فراہمی پر شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن کے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز اور رضا کاروں کی پوری ٹیم قابل تحسین ہیں ان خیالات کا اظہار سیکرٹری جنگلات عبدالفتاح بھنگر نے شہداء 08 اگست ڈیجیٹل لائبریری کے دورے کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا قبل ازیں لائبریری پہنچنے پر کوآرڈینیٹر اکرام اللہ خان کاکڑ اور دیگر نے ان کا استقبال کیا گیا اور گلدستہ پیش کیا گیا لائبریری کے مختلف حصوں کا دورہ کرایا اس موقع پر ممتاز محقق و ادیب نسیم صبا بھی موجود تھے، اس موقع پر عبدالمتین اخوندزادہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ حالات و رجحانات کا ادراک کرتے ہوئے فاؤنڈیشن کے اس سنہری موقع سے بھرپور استفادہ حاصل کریں معاشرتی و معاشی ترقی اور فروغ علم و ہنر کے لئے ضروری ہے کہ نوجوان نسل کی پرورش اور تربیت و اصلاح کا راستہ ہموار کیا جائے جبکہ مہمان خصوصی عبدالفتاح بھنگر نے لائبریری کے امور میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا اور اپنے جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 29 JAN 2025 Page No. 17


# قلعہ عبداللہ اور بنوں میں سیکورٹی فورسز کے آپریشن 8 خوارج ہلاک، 9 زخمی، 2 جوان شہید

قلعہ عبداللہ میں فورسز نے چیک پوسٹ میں داخل ہونے کی کوشش کو مؤثر طریقے سے ناکام بنایا جس پر خوارج نے بارود سے بھری گاڑی چوکی کی دیوار سے ٹکرا دی

فائرنگ کے تبادلے میں 2 خودکش بمبار سمیت 5 خارجی دہشت گرد ہلاک، فائرنگ کے تبادلے میں 39 سالہ نائیک طاہر خان اور 26 سالہ لانس نائیک طاہر اقبال شہید

سیکورٹی فورسز نے بنوں کے علاقے جانی خیل میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 3 خوارج کو ہلاک کردیا، خوارج کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا گیا، 9 زخمی ہوئے

پاکستان کی سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں اور ہمارے بہادر جوانوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں چیک پوسٹ پر حملے کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے 2 خودکش بمبار سمیت 5 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، تاہم شدید فائرنگ کے تبادلے میں 2 فوجی جوان شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ 27 اور 28 جنوری 2025 کی درمیانی رات خارجی دہشت گردوں نے بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں سیکیورٹی فورسز کی چوکی پر حملہ کرنے کی کوشش کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے چیک پوسٹ میں داخل ہونے کی کوشش کو مؤثر طریقے سے ناکام بنادیا جس کی وجہ سے خوارج نے بارود سے بھری گاڑی چوکی کی دیوار سے ٹکرا دی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے بہادری سے مقابلہ کیا اور فائرنگ کے تبادلے میں 2 خودکش بمبار سمیت 5 خارجی دہشت گرد مارے گئے تاہم شدید...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

فائرنگ کے تبادلے میں ضلع نانک کے 39 سالہ نائیک طاہر خان اور ضلع کرک کے 26 سالہ لانس نائیک طاہر اقبال بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق علاقے میں کلیئرنس آپریشن کیا جارہا ہے اور اس گھناؤنے فعل کے مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں اور ہمارے بہادر جوانوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ ادھر سیکیورٹی فورسز نے بنوں کے علاقے جانی خیل میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 3 خوارج کو ہلاک کردیا۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن 27 جنوری کو دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا، جس کے دوران 3 خارجی ہلاک اور 9 زخمی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کی لعنت کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں

# نصیرآباد ڈویژنل یوتھ فیسٹیول 2025 کامیابیاں سمیٹ کر اختتام پذیر

مینا بلوچ نے طلبہ و طالبات سمیت دیگر آفیسرز میں شیلڈز اور نقد انعام تقسیم کیے

نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کیے بغیر ترقی کا سفر طے نہیں کیا جاسکتا، ایڈوائزر

نصیرآباد (خ ن) نصیرآباد ڈویژنل یوتھ فیسٹیول 2025 اپنی تمام تر کامیابیاں سمیٹ کر اختتام پذیر ہوا اختتامی تقریب کی مہمان خصوصی وزیراعلیٰ بلوچستان کی ایڈوائزر برائے کھیل و ثقافت امور نوجوان مینا مجید بلوچ تھی جبکہ دیگر مہمانوں میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

منیر احمد خان کاکڑ تھے تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر بلال صادق عمرانی نخی ممتاز خان عمرانی ڈائریکٹر کالجز سید حسین علی شاہ ڈائریکٹر یوتھ افیئرز الیاس بلوچ یوتھ افیئر کے فوکل پرسن باز محمد مری اسسٹنٹ ڈائریکٹر یوتھ افیئرز نصیرآباد ارباب منان ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز عبدالواسع کاکڑ ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس رحیم بخش جویا سمیت دیگر کثیر تعداد میں قبائلی عمائدین اور اسکولز کالجز اور یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات موجود تھے مہمان خصوصی وزیراعلیٰ بلوچستان کی ایڈوائزر برائے کھیل و ثقافت امور نوجوان مینا مجید بلوچ جب پہنچی تو ان کا والہانہ استقبال کیا گیا

# کمشنر کوئٹہ کو عاصم بخاری کی جانب سے گرین بسوں کیلئے کتابوں کا عطیہ

جو اقدام عوامی مقامات پر تعلیم کو فروغ دینے کے لیے ایک مثال قائم کرتا ہے، حمزہ شفقات

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کو کتابی پاکستان کے سی ای او عاصم بخاری کی جانب سے گرین بسوں کے لئے کتابوں کا عطیہ دیا۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے کہا کہ یہ ایک قابل ذکر اور بہترین قدم ہے۔ یہ عطیہ ایک منفرد منصوبے کا حصہ ہے، جس کے ذریعے شہر کی گرین بسوں میں کتابوں کے شیلف قائم کیے جائیں گے تاکہ مسافروں کو اپنے روزمرہ کے سفر کے دوران مطالعے کا موقع فراہم کیا جا سکے۔ انہوں......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ یہ تخلیقی منصوبہ کوئٹہ میں اپنی نوعیت کی پہلی کوشش ہے، جو عوامی مقامات پر تعلیم اور علمی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ایک مثال قائم کرتا ہے۔ بسوں میں سوچ سمجھ کر منتخب کردہ کتابوں کو رکھ کر یہ منصوبہ یقینی بناتا ہے کہ تمام عمر اور پس منظر کے مسافر مطالعے کی خوشیوں سے مستفید ہو سکیں۔ یہ کوشش صرف کتابوں کے بارے میں نہیں ہے، بلکہ یہ تعلیم اور علم کو ان جگہوں تک پہنچانے کا عمل ہے

# زمیندار اپنی پوست کی کاشت خود تلف کردیں' ڈپٹی کمشنر لورالائی

کاشت میں ملوث زمینداروں کے خلاف مقدمات درج، زمینیں ضبط کی جائیں گی: میران بلوچ

لورالائی (خ ن) لورالائی کے علاقے بیرگٹوں میں مختلف زمینداروں حسن خان وزیر۔ فاروق جدون۔ جلال دوتانی۔ تاج محمد اور طور جان افغانی نے رضاکارانہ طور پر 20 ایکڑ پر کاشت پوست کی فصل کو تلف کردیا ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی طرف سے لورالائی کے 800 زمینداروں کو پوست کی فصل تلف کرنے کے نوٹسز جاری کئے جاچکے ہیں اور اس بار لورالائی میں پہلی بار ہزاروں ایکڑ پر پوست کی فصل کاشت ......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کی گئی ہے گزشتہ روز میختر کے علاقہ ترخہ چینہ میں سخت کارروائی کا آغاز کیا گیا ہے ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے اس حوالے سے کہا کہ ان زمینداروں کی طرح دیگر زمیندار بھی اپنی پوست کی کاشت کی گئی فصل کو خود تلف کر کے لورالائی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور آپریشن کے دوران جو زمیندار بھی پکڑا گیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 29 JAN 2025 Page No. 18

## پیکا ترامیم کی سینٹ سے منظوری قابل مذمت ہے، بلوچستان بار کونسل

**حکومت آزاد آوازوں کو دبانے اور ریاست کے بنیادی ستونوں کو منہدم کرنے کے منصوبے پر کام کر رہی ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین راجب خان بلیدی ایڈووکیٹ اور چیئرمین ایگزیکٹیو کمیٹی امان اللہ خان کاکڑ ایڈووکیٹ نے سینیٹ کی جانب سے الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کے قانون پیکا 2025 میں ظالمانہ ترامیم کی منظوری کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کو ایک تشویشناک اقدام قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت آزاد آوازوں کو دبانے اور ریاست کے بنیادی ستونوں کو منہدم کرنے کے لئے منظم طریقے سے کام کر رہی ہے ترامیم، آزاد میڈیا کو خاموش کرنے اور اظہار رائے کی آزادی کو محدود کرنے کے مقصد سے، پاکستان کے آئینی تحفظات کو 1973 آئین کو کمزور کرنے کی ایک وسیع مہم کا حصہ ہیں پیکا ترامیم کی طرح عدلیہ کو نشانہ بنانے والی آئینی ترمیم بھی اس برادری یا سول سوسائٹی کے ساتھ مشاورت کے بغیر منظوری کی گئی یہ سب کچھ آمرانہ کنٹرول کے لئے راہ ہموار کرنے کی کوششیں ہو رہی ہے۔ حکومت کے یہ اقدامات ملک کو غیر مستحکم کرنے کا باعث بن سکتی ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ پیکا ترامیم 2025 اور 26 ویں آئینی ترامیم دونوں کو فوری طور پر واپس لیا جائے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ شفاف اور جامع مشاورت کا عمل شروع کیا جائے۔ ہم پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (PFUJ) کی 28 جنوری 2025 ملک گیر احتجاج کی اپیل کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور تمام شہریوں صحافیوں، وکلا اور سول سوسائٹی کی تنظیموں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ان غیر آئینی اقدام کے خلاف متحد ہو جائیں۔

## بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام پیکا ایکٹ کیخلاف مظاہرہ

**میڈیا سے متعلق قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، سلیم شاہد، خالق رند و دیگر کا خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی کال پر پیکا ترمیمی ایکٹ کے خلاف منگل کو بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، مظاہرے میں صحافیوں، سول سوسائٹی، مزدور یونین اور اخبار فروش یونین کے رہنماؤں سمیت دیگر نے بھی شرکت کی۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے پی ایف یو جے کے مرکزی نائب صدر سلیم شاہد نے کہا کہ حکومت پیکا ترمیمی بل کے ذریعے آزادی صحافت کی راہ میں رکاوٹیں حائل کرنے اور عوام کی حقائق تک رسائی کے بنیادی حق کو سلب کرنے کی کوشش کر رہی ہے جس میں وہ کامیاب نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ پیکا ترمیمی ایکٹ کے ذریعے آزادی صحافت پر قدغن لگانے کی کوشش کی جارہی ہے جس کو ملک بھر میں ہر طبقہ فکر کے لوگ شدید تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیکا ترمیمی بل کا مسودہ صحافتی تنظیموں کی مشاورت کے بغیر ہی ایوان میں پیش کیا گیا جو صحافیوں کے ساتھ عوام کے ساتھ بھی امتیازی سلوک کے مترادف ہے۔ احتجاجی مظاہرے سے صدر کوئٹہ پریس کلب، عبدالخالق رند، سینئر صحافی رشید بلوچ، مزدور رہنما عابد بٹ نے بھی خطاب کیا اور پیکا ترمیمی بل کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے پیکا ترمیمی بل کو مسترد کیا اور کہا کہ میڈیا سے متعلق قوانین ملک میں پہلے سے موجود ہیں اس لئے عجلت میں قانون سازی کے بجائے ان ہی قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کے لوگ بقاء کیلئے سفر کا آغاز علم و حکمت سے کریں، لشکری رئیسانی

[illegible]

**بلوچستان کے لوگ کریک ڈاؤن کے ردعمل میں صوبے کے طول و عرض میں کتب میلوں کا انعقاد کریں**

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگ آئندہ نسلوں کی بقاء کیلئے علمی مزاحمت کا آغاز کریں، ہماری قومی وحدت پر اپنا تسلط برقرار رکھنے والے نہیں چاہتے کہ بلوچستان کے لوگ علم و حکمت کی بنیاد پر اپنے قومی اصولوں اور منزل کا تعین کریں، بلوچستان کے لوگ......

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کتب میلوں پر ہونے والے کریک ڈاؤن کے ردعمل میں صوبے کے طول و عرض میں مزید کتب میلوں کا انعقاد کرکے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو کتابوں کیساتھ جوڑیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں جاری کتب میلوں پر متعلقہ انتظامیہ اور فورسز کے کریک ڈاؤن کے سوال کے جواب میں کہا کہ ہماری قومی وحدت کو کنٹرول میں رکھنے والے نہیں چاہتے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 29 JAN 2025 Page No. 20


# قلعہ عبداللہ سیکورٹی فورسز نے حملہ ناکام بنا دیا، 5 خوارج ہلاک 2 جوان شہید

**بنوں میں 3 دہشتگرد ہلاک، 9 زخمی، ایف سی چیک پوسٹ پر حملہ، ایک جوان شہید، صدر، وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کا فورسز کو خراج تحسین**

راولپنڈی (نیوز ایجنسیاں) سیکورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں چیک پوسٹ پر حملے کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے 2 خودکش بمبار سمیت 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، تاہم شدید فائرنگ کے تبادلے میں 2 فوجی جوان شہید ہو گئے، دوسری جانب سیکورٹی فورسز کا خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر ضلع بنوں کے علاقے جانی خیل میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، تین خوارج مارے گئے، 9 خوارج زخمی ہوئے، ادھر بنوں میرانشاہ روڈ پر بکاخیل کے قریب باران ڈیم کے قریب ایف سی چیک پوسٹ پر مسلح افراد کا حملہ، حملے کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید جبکہ چار اہلکار زخمی ہو گئے، فورسز کا سرچ آپریشن جاری ہے۔ صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر نے فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے نڈر نوجوانوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ 27 اور 28 جنوری 2025 کی درمیانی رات خارجی دہشت گردوں نے بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں سیکیورٹی فورسز کی چوکی پر حملہ کرنے کی کوشش کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے چیک پوسٹ میں داخل ہونے کی کوشش کو موثر طریقے سے ناکام بنا دیا جس کی وجہ سے خوارج نے بارود سے بھری گاڑی چوکی کی دیوار سے ٹکرا دی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے بہادری سے مقابلہ کیا اور فائرنگ کے تبادلے میں 2 خودکش بمبار سمیت 5 خارجی دہشت گرد مارے گئے تاہم شدید فائرنگ کے تبادلے میں ضلع ٹانک کے 39 سالہ نائیک طاہر خان اور ضلع کرک کے 26 سالہ لانس نائیک طاہر اقبال بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق علاقے میں کلیئرنس آپریشن کیا جا رہا ہے اور اس گھناؤنے فعل کے مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں اور ہمارے بہادر جوانوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ ادھر سیکیورٹی فورسز نے بنوں کے علاقے جانی خیل میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 3 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن 27 جنوری کو دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا۔

## ڈیرہ مراد جمالی: سڑک کنارے نصب دھماکہ خیز مواد ناکارہ بنا دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ چھتر کی حدود گوٹھ کمیازئی کے مقام پر سیکورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع ملنے پر سڑک کنارے نصب ایک کلو دھماکہ خیز مواد ناکارہ بنا دیا۔

## نال، فائرنگ سے میاں بیوی جاں بحق

خضدار (نامہ نگار) تحصیل نال کے علاقے کوڑاسک مزاردان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے میاں بیوی جاں بحق ہو گئے جن کی شناخت حق نواز ولد نجم الدین ساکن گریشہ اور مسماۃ (ح) کے نام سے ہوئی مقتولین کی شادی کچھ عرصہ قبل ہوئی تھی واقعہ کی مزید تفتیش متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

## پنجگور، فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے کاٹاگری تحصیل گوارگو میں فائرنگ سے صدام ولد علی بخش سکنہ کچھی بولان زخمی ہو گیا زخمی شخص کے بھائی نے ایف آئی آر میں ایک ملزم کو نامزد کیا ہے۔

## میختر میں زمین کے تنازع پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

لورالائی (نامہ نگار) میختر بازار میں فائرنگ کے نتیجے میں حبیب اللہ ولد خالق داد جلوزئی حمزہ زئی جاں بحق ہو گیا واقعہ زمین کے تنازعے کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کر دی گئی۔

## کوئٹہ: باپ نے سالے سے مل کر پندرہ سالہ ٹک ٹاکر بیٹی کو گولی مار دی

**انوار الحق امریکہ سے پہلے لاہور اور پھر کوئٹہ پہنچا، شادی ویڈیو بنانے پر قتل کیا، پولیس کے سامنے اعتراف جرم**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچی اسٹریٹ میں باپ نے سالے کے ساتھ مل کر 15 سالہ ٹک ٹاکر بیٹی کو گولی مار دی۔ پولیس کے مطابق بلوچی اسٹریٹ کے رہائشی انوار الحق کی 15 سالہ بیٹی حرا گزشتہ شب گھر کے باہر کھڑی تھی کہ نامعلوم افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ سے وہ موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او گوالمنڈی بابر بلوچ نے دیگر عملے کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ گوالمنڈی پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن منتقل کر دیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایس ایچ او گوالمنڈی نے شک کی بنا پر لڑکی کے باپ کو حراست میں لے کر تفتیش کی جس پر انوار الحق نے بتایا کہ وہ اپنے بیوی بچوں کے ہمراہ امریکہ شفٹ ہو گیا تھا جہاں اس کی بیٹی ٹک ٹاکر بن گئی اور کچھ نازیبا ویڈیو بنانا شروع کر دی تھیں۔ میں فیملی کے ساتھ ایک ماہ قبل امریکہ سے واپس لاہور آیا اور وہاں سے ایک ہفتہ قبل ہی کوئٹہ آیا تھا اس نے بتایا کہ میں نے اپنے سالے طیب علی کے ساتھ مل کر بیٹی کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔ پیر کی شب بیٹی حرا کو گھر کے باہر لے گیا اور دروازے پر اسے کھڑا کر کے گھر کے اندر آیا میرے سالے اور میں نے فائرنگ کر کے اسے ہلاک کر دیا گوالمنڈی پولیس نے سالے طیب علی کو بھی گرفتار کر کے سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 29 JAN 2025 Page No. 21


## چینی فی کلو 16 روپے مہنگی، پارسل میں 800 روپے اضافہ، عوام احتجاج پر مجبور

**اشیاء خورونوش کی قیمتیں عوام کی قوت خرید جواب دے گئی ہے، شہریوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) چینی مزید مہنگی فی کلو 16 روپے مہنگا، مہنگائی کا جن بے قابو عوام کھانے پینے کے اشیاء سستی خریدنے سے محروم، ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں بھی ناکارہ، عوام جائے تو کہاں جائے کس کو اپنی فریاد سنائے جبکہ ان کے مسائل پر کسی بنیادوں پر کوئی کارروائی نہیں ہو رہی، نوٹیفیکیشن کے حد تک کارروائیاں تو کی جاتی ہے لیکن عملی میدان میں اشیاء خورونوش کی قیمتیں عوام کی قوت خرید جواب دے گئی ہے، مشرق سروے ٹیم سے ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

بات چیت کرتے ہوئے کوئٹہ کے شہریوں اور تاجروں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت چینی فی پارسل 800 روپے مہنگا ہو گیا ہے، جس سے کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہوگئی ہے

## کوہلو میں آوارہ اور باولے کتوں کا راج ایک ہفتے میں دو درجن سے زائد لوگ شکار

**شہر بھر میں آوارہ اور باولے کتوں کی بھرمار میونسپل کمیٹی غفلت کا شکار شہریوں میں شدید پریشانی و اضطراب پایا جارہا ہے**

**ہر گلی محلہ میں آوارہ کتے ہونے سے رات کے وقت شہریوں کا باہر نکلنا محال ہو چکا ہے، کتے کاٹنے کی ویکسین موجود نہیں**

کوہلو (آن لائن) آوارہ اور باولے کتوں کی بھرمار میونسپل کمیٹی خاموش تماشائی آوارہ کتوں نے ایک ہفتے کے دوران دو درجن سے زائد لوگوں کاٹ لیا حکام نوٹس لے شہریوں کی اپیل شہر بھر میں آوارہ اور باولے کتوں کی بھرمار میونسپل کمیٹی غفلت کا شکار، آوارہ اور باولے کتوں کی وجہ سے شہریوں میں شدید پریشانی و اضطراب پایا جارہا ہے شہر کی ہر گلی محلہ میں آوارہ کتے ہونے سے رات کے وقت شہریوں کا باہر نکلنا محال ہو چکا ہے مگر متعلقہ انتظامیہ کی عدم توجہ سے کوئی روک تھام اور خاتمہ کے اقدامات نہیں ہیں جن کے باعث آوارہ اور باولے کتے شہریوں کو کاٹ رہے ہیں رپورٹ کیمطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران باولے کتوں نے ایک درجن سے زائد لوگوں کو کاٹ لیا ہے دوسری جانب محکمہ پی پی ایچ آئی کے بی ایچ یوز میں کتے کاٹنے کی ویکسین نہ ہونے سے واحد ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال میں رش انتہائی زیادہ ہو چکا ہے شہریوں نے ممبر صوبائی اسمبلی اور ڈپٹی کمشنر کوہلو سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر سے آوارہ کتوں کا خاتمہ اور سرکاری ہسپتالوں میں کتے کاٹنے کی ویکسین کی سہولت فی الفور مہیا کی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 29 JAN 2025 Page No.

# ٹریکٹروں کی تقسیم میں 10 کروڑ روپے سے زائد کی بے قاعدگیوں کا انکشاف

**گرین ٹریکٹر اسکیم کے لئے کسانوں کی مطلوبہ اہلیت کے معیار کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا، ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر بلوچستان انجینئرنگ کے 17 مئی 2021 کو اسکیم کے تحت 50 فیصد ادائیگی پر گرین ٹریکٹرز کو تقسیم کے حوالے سے تمام اضلاع کے لئے کمیٹیاں تشکیل دی گئیں**

کوئٹہ (رپورٹ: نیٹی رکی) محکمہ زراعت بلوچستان انجینئرنگ کے تحت ٹریکٹروں کی تقسیم میں 10 کروڑ روپے سے زائد کی بے قاعدگیوں کا انکشاف۔ یہ انکشاف آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی سالانہ کنسولیڈیٹڈ رپورٹ 2023-24 بلوچستان میں کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گرین ٹریکٹر اسکیم کے لئے کسانوں کی مطلوبہ اہلیت کے معیار کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر بلوچستان انجینئرنگ کے 17 مئی 2021 کے اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اسکیم کے تحت 50 فیصد ادائیگی پر گرین ٹریکٹرز کو تقسیم کے حوالے سے تمام اضلاع کے لئے کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔ یہ اسکیم ستمبر 2020 میں پروگرام شروع کیا گیا تھا جس کی تکمیل کے لئے اکتوبر 2022 کی تاریخ مقرر کی گئی تھی۔ پروگرام کے مطابق ایک ہزار کسانوں میں 50 فیصد ادائیگی کی شرط پر گرین ٹریکٹر تقسیم کرنے تھے۔ جس کیلئے شرط عائد کی گئی تھی کہ درخواست گزار محکمہ زراعت ایکسٹینشن کیساتھ رجسٹر ہو اور 12.5 ایکڑ زمین کا مالک ہو جو ڈپٹی کمشنر کی جانب سے تصدیق شدہ ہو۔ ڈی جی زراعت انجینئرنگ کوئٹہ نے مالی سال 2022-23 میں طلت ٹریکٹرز لمیٹڈ سے 100 ٹریکٹروں کی خریداری کے لئے 100.725 ملین روپے خرچ کئے۔ تاہم مقامی دفتر اس بارے میں کوئی ثبوت یا دستاویز پیش کرنے میں ناکام رہا کہ ٹریکٹر وصول کرنے والے کسان (کم سے کم 12.5 ایکڑ اراضی کی ملکیت اور ورکی ترقیاتی بینک لمیٹڈ سے لون نہ لینے) کی شرط پر پورا اتر رہے ہوں۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ دفتری امور کو چلانے میں سست روی کی وجہ سے ٹریکٹروں کی تقسیم میں بے قاعدگیاں کی گئیں، جس کے نتیجے میں بے ترتیب ادائیگیاں ہوئیں جس کی وجہ سے مطلوبہ مقاصد حاصل نہیں [...] ستمبر 2023 میں معاملہ [...] کیا گیا مگر تاحال کوئی جواب موصو[...]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 29 JAN 2025 Page No. 22


## ریکوڈک منصوبے کے فوائد سب سے پہلے وہاں کے عوام کو ملیں گے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگا ریکوڈیک منصوبے سے جو بھی کمائیں گے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہوگا بلوچ نوجوان ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے بیروزگاری صرف بلوچستان میں نہیں ہے بلکہ ملک بھر کا یہ مسئلہ ہے بحیثیت بلوچ قوم حقیقت پر مبنی فیصلہ کریں بلوچستان جلد ترقی کی پٹری پر چل پڑے گا ریکوردیک منصوبے کے فوائد سب سے پہلے وہاں کے عوام کو ملیں گے خصوصا نوکنڈی، چاغی، دالبندین، اور رخشاں ڈویژن کے رہائشیوں کو اس منصوبے سے براہ راست فائدہ پہنچے گا حکومت بلوچستان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ریکوردیک سے ہونے والی کمائی کا پہلا حق ان عوام کا ہے جو اس علاقے میں رہتے ہیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لیے سعودی عرب، یواے ای، اور چین کے سرمایہ کار آ رہے ہیں، اور تفتان میں پبلک پارٹنرشپ کے تحت معاہدہ کیا گیا ہے جس کا سرمایہ تفتان میں ہی استعمال کیا جائے گا بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنا آسان نہیں ہے، لیکن ان چیلنجز کے باوجود حکومت بلوچستان اس پر کام کر رہی ہے انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں اور عوام کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ وہ ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے سے متاثر نہ ہوں، بلکہ حقیقت پر مبنی فیصلے کریں بلوچستان کی ترقی انشاءاللہ جلد شروع ہو جائے گی اور پاکستان کی ترقی بھی بلوچستان سے شروع ہوگی۔ بلوچستان کی حقیقی تصویر دنیا کے سامنے لانے کی کوشش کی جائے گی بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی اور بیروزگاری کا مسئلہ صرف اس صوبے تک محدود نہیں ہے، بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے بدقسمتی سے بعض گروہ بلوچستان کے عوام اور ریاست کے خلاف پروپیگنڈہ کرتے ہیں، اور یہ پیغامات سوشل میڈیا پر پھیلائے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا پی ایس ڈی پی (پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام) کا سائز 210 بلین روپے ہے، جو پاکستان کی ترقی کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جب ریکوروک منصوبہ مکمل طور پر چل پڑے گا، تو اس سے بلوچستان کی معیشت میں مزید بہتری آئے گی، اور یہ منصوبہ ایک ملین ڈالر کی سرمایہ کاری تک پہنچ جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 29 JAN 2025 Page No. 23

# پیپلز پارٹی نے بلوچستان کو اپنا سیاسی گڑھ بنانے کیلئے رہنماؤں سے تجاویز طلب کر لیں



کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت نے سندھ کے بعد بلوچستان کو اپنا سیاسی گڑھ بنانے کیلئے فوکس کرنا شروع کر دیا ہے، اس سلسلے میں پی پی پی کی قیادت نے بلوچستان میں پارٹی کو فعال اور منظم بنانے کے لئے سینئر رہنماؤں اور کارکنوں سے تجاویز بھی طلب کر لی ہیں اس کی کوشش ہے کہ پی پی پی کا مضبوط صوبائی ڈھانچہ مرتب کیا جائے اور ایسی سیاسی شخصیات کو پارٹی کی صوبائی سطح پر باگ ڈور دی جائے جو کہ سیاسی، قبائلی اثر و رسوخ رکھنے کے علاوہ عام لوگوں کیلئے بھی قابل قبول ہو، پارٹی کی صوبائی صدارت اور جنرل سیکرٹری شپ کیلئے پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری مختلف ناموں پر غور و خوص کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان میں پی پی پی کی مخلوط حکومت ہے اور پارٹی کی قیادت کی کوشش ہے کہ وہ صوبے میں ان کی حکومت ایسے اقدامات اٹھائے جنہیں عوام میں پذیرائی ملے اور آگے چل کر پی پی پی کی صوبے کے عوام میں جڑیں مضبوط ہوں۔ پی پی پی کی صوبائی مخلوط حکومت کے کوٹے میں صحت کی وزارت آئی ہے جس میں پی پی پی اصلاحات قائم کرنے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، جس کے لئے مرکزی قیادت بھی آن بورڈ ہے۔ گزشتہ دنوں محکمہ صحت بلوچستان میں اصلاحات اور بہتری کیلئے حکومتی اقدامات اور ایکشن پر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن اور دیگر طبی عملے کے درمیان کافی لے دے ہو چکی ہے۔ حکومتی اقدامات پر ڈاکٹرز اور طبی عملہ ہڑتال پر چلے گئے تھے تاہم بعد ازاں طبی عملے (گرینڈ ہیلتھ الائنس) اور حکومت کے درمیان مذاکرات کے بعد ہڑتال ختم کر دی گئی اور طبی عملے نے طبی سہولیات بحال کر دیں۔ پی پی پی کی حکومت اور محکمہ صحت بلوچستان کا یہ موقف ہے کہ وہ بلوچستان میں طبی سہولیات سندھ کی طرز پر مہیا کرنے کیلئے اصلاحات لانے کے خواہاں ہیں جس میں انہیں پارٹی کی ہائی کمان کی مکمل معاونت حاصل ہے پر نہ کوئی سیاسی ایجنڈا ہے نہ کوئی اور مقاصد ہیں بلکہ خالصتاً ان اقدامات کا مقصد صوبے کے غریب عوام تک صحت کی سہولیات کی فراہمی اور عوام کی فلاح و بہبود ہے تاکہ انہیں علاج معالجے کیلئے کراچی یا کسی اور شہر نہ جانا پڑے تمام طبی سہولیات یہاں ہی میسر



ہوں، پی پی پی کی صوبائی حکومت نے تعلیم کے شعبے کو بھی اہمیت دے رہی ہے تاہم تعلیم کی وزارت کوٹے کے تحت اس کی اتحادی جماعت ن لیگ کے پاس ہے، پی پی پی کی اتحادی جماعت ن لیگ بھی بلوچستان میں اپنی جماعت کو فعال کرنے کیلئے مشاورت میں مصروف ہے تاہم بعض سیاسی حلقوں کے مطابق بلوچستان کی مخلوط حکومت میں ن لیگ کے بعض ارکان پی پی پی کے وزیر اعلیٰ کے ساتھ اپنے آپ کو زیادہ "ایزی" محسوس نہیں کر رہے، بعض سیاسی محفلوں میں وہ اس بات کا اظہار بھی کرتے آ رہے ہیں۔ سیاسی مبصرین کے مطابق یہ بات بھی گردش کر رہی ہے کہ بلوچستان کی کابینہ میں موجود ن لیگ کے ارکان کے محکموں میں رد و بدل ہو سکتی ہے؟ جس کے لئے ن لیگ کی مرکزی اور صوبائی قیادت میں مشاورت ہو رہی ہے۔ ان سیاسی مبصرین کے مطابق 18ویں ترمیم کے تحت بلوچستان کی کابینہ مکمل ہے اور اس میں مزید کسی وزیر یا مشیر کو لئے جانے کی گنجائش نہیں، ن لیگ، پی پی پی اور باپ پارٹی اپنے اپنے کوٹے لیکر کابینہ مکمل کر چکے ہیں تاہم باپ پارٹی کے میر ضیاء اللہ لانگو جو کہ مشیر کی حیثیت سے صوبائی کابینہ کا حصہ ہے ضمنی انتخابات کے باعث ان کا یہ عہدہ خالی ہے۔ 9 فروری کو ان کے حلقے کے سات پولنگ اسٹیشنوں پر دوبارہ ضمنی انتخاب



ہونے جا رہا ہے جس کے نتائج کے بعد وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی اس حوالے سے کوئی فیصلہ کر پائیں گے؟ ان سیاسی مبصرین کے مطابق ن لیگ اگر اپنے کسی رکن اسمبلی کو کابینہ میں شامل کرتی ہے تو اسے اپنے کسی کابینہ کے رکن کو نکال کر دوسرے رکن کو "ان" کرنا ہوگا؟ لیکن ن لیگ کی قیادت کو ایسا کوئی قدم اٹھانے سے قبل کئی بار غور کرنا ہوگا کیونکہ پہلے ہی اس کے ارکان نالاں دکھائی دیتے ہیں؟ کیونکہ ن لیگ کے صوبائی پارلیمانی گروپ میں ایک بڑی تعداد "الیکٹیبلز" کی ہے جو کہ باپ پارٹی سے ن لیگ میں شامل ہوئی تھی اور ان کے مطابق انہیں ن لیگ کی قیادت نے شمولیت کے وقت جو وعدے کئے تھے اس طرح سے ڈیل نہیں کیا اور نہ ہی انہیں ان کے سیاسی قد کاٹھ کے مطابق اہمیت دی۔ دوسری جانب ن لیگ کی جانب سے ان "الیکٹیبلز" کو تسلی دی جا رہی ہے کہ اڑھائی اڑھائی سال کے اقتدار کا بلوچستان میں معاہدہ طے ہوا ہے اور اڑھائی سال کے بعد ن لیگ کی باری ہے تو جو گلے اور تحفظات ہیں انہیں دور کر لیا جائے گا لیکن پی پی پی کا پارلیمانی گروپ ایسے کسی بھی معاہدے یا فارمولے کی سختی سے تردید کر رہا ہے۔ اتوار کے روز بلوچستان کے 25 اضلاع میں لوکل گورنمنٹ کے ہونے والے ضمنی انتخابات میں 50 جنرل وارڈز میں 167 امیدواروں میں مقابلہ ہوا اس دوران پاکستان پیپلز پارٹی، جمعیت علماء اسلام، پشتونخوا میپ، عوامی نیشنل پارٹی، نیشنل پارٹی سمیت بعض آزاد امیدواروں نے میدان مار لیا تاہم تربت کے مختلف وارڈز میں سیکورٹی خدشات کے پیش نظر انتخابات ملتوی کئے گئے جبکہ 19 وارڈز میں کسی امیدوار نے کاغذات ہی جمع نہیں کرائے تھے، سیاسی مبصرین کے مطابق اندرون بلوچستان بلدیاتی انتخابات کا عمل مکمل ہونے کے بعد صوبائی حکومت کو چاہیے کہ بلدیاتی اداروں کو خود مختار بنا کر انہیں زیادہ سے زیادہ مالی وسائل فراہم کرے تاکہ نچلی سطح پر عوام کو درپیش مسائل فوری حل ہو سکیں جس کے نتیجے میں حکومت کے انتظامی امور پر پڑنے والا دباؤ بھی کم ہوگا اور گورننس میں مزید بہتری آئے گی ساتھ ہی عوامی حلقوں نے بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ہنگامی بنیادوں پر بلدیاتی انتخابات کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر بلوچستان کا عکس ہے جہاں بلدیاتی انتخاب کے کئی سالوں سے زیر التواء رہنے کے باعث شہری مسائل گمبھیر صورتحال اختیار کر چکے ہیں۔ حکومت اور انتظامیہ کی کوششوں کے باوجود شہریوں کو میونسپل سروسز دستیاب نہیں ہیں، عوامی مسائل میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 29 JAN 2025 Page No.



ونڈر، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی ونڈر ڈیم کے دورے کے موقع پر لیبارٹری کا معائنہ کر رہے ہیں





نصیرآباد، وزیراعلیٰ کی ایڈوائزر برائے سوشل مینا مجید بلوچ، صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی ڈائریکٹر الیاس بلوچ کو شیلڈ دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ کی ایڈوائزر برائے امور نوجوانان مینا مجید نصیرآباد فیسٹیول میں طالبات کو انعام دے رہی ہیں